سوال

(81) دو نمازوں میں جمع کرتے وقت تسلسل

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دو نمازوں کے درمیان جمع کرتے وقت تسلسل ضروری ہے؟ کیونکہ بعض لوگ نمازوں کے درمیان جمع کرنے کے لیے تھوڑا سا انتظار کرتے ہیں پھر جمع کرتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمع تقدیم کی صورت میں دونوں نمازوں کے درمیان تسلسل ضروری ہے اگر تھوڑا سا فاصلہ بھی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ چیز ثابت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔''

اور صحیح بات یہ ہے کہ جمع کے لیے نیت شرط نہیں۔ جیسا کہ جواب نمبر 66 میں اس کا بیان گزر چکا ہے۔

رہا جمع تاخیر تو اس میں گنجائش ہے کیونکہ اس صورت میں دوسری نماز اپنے وقت پر پڑھی جاتی ہے لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں تسلسل سے پڑھنا افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 142

محدث فتویٰ